فوری ریلیز کے لیے: 2022/8/7 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر Hochul نے موسمِ گرما کے کنسرٹ سیزن کے دوران کم عمر افراد کی شراب نوشی اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے رجحان کی روک تھام کی کاوش کا اعلان کیا ہے

محکمہ برائے موٹر گاڑیوں کے تفتیش کار کنسرٹ کے مقامات پر جعلی IDs کی جانچ کرے گا

نفاذ کی کاوشیں نیو یارک کے نوجوان باشندوں میں صحتمندانہ انتخابات کو فروغ دینے اور گزرگاہوں پر تحفظ کو بڑھانے میں مدد دیں گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاستی محکمہ *برائے موٹر گاڑیوں کے تفتیش کار نفاذ کاری کے اقدامات انجام دے رہے ہیں تاکہ موسمِ گرما کے کنسرٹس میں الکحل کی خریداری کے لئے جعلی IDs کے استعمال کو روکا جا سکے۔* آپریشن روک تھام کے نام سے مشہور، اس کاوش میں ریاستی ایجنسی برائے شراب، ریاستی پولیس، ریاستی پارکس پولیس، اور مقامی قانونی نفاذ کار اداروں کے تفتیش کار بھی شامل ہیں۔ اس مہم کے دوران، ریاست بھر میں مقامات کی حفاظتی تلاشی لی جا رہی ہے۔

"براہ راست موسیقی دیکھنا ایک شاندار تجربہ ہے، اور نیو یارک میں ہماری پوری ریاست کے اندر بہت سارے شاندار مقامات موجود ہیں، لیکن میں ہر ایک کو ذمہ داری سے خوشی منانے کی ترغیب دوں گی،" **گورنر ہوکل نے کہا۔** "ہم چاہتے ہیں کہ نیو یارک کے باشندے ان تقریبات کو بحفاظت انجوائے کر سکیں، اور نفاذ کاری کی یہ کاوش کنسرٹ میں جانے والے کم عمر افراد کو الکحل کی خریداری اور پھر نشے میں دھت ہو کر گاڑی چلانے سے روکنے میں مدد کی خاطر ناگزیر ہو گی۔"

آپریشن روک تھام کی حفاظتی تلاشیاں Northwell Health بمقام Saratoga Performing Arts Center، Jones Beach Theater، Canandaigua میں Darien Lake Performing Arts Center، CMAC، اور Syracuse میں Lakeview Amphitheater میں، نیز ایسے دیگر مقامات پر بھی انجام دی جائیں گی کہ جہاں کنسرٹ میں جانے والے کم عمر افراد کے اجتماع کا امکان ہو۔

محکمہ برائے موٹر گاڑیوں کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک کی حفاظت کی کمیٹی (Governor's Traffic Safety Committee) کے چیئر Mark J.F. Schroeder نے کہا، "*ہمارے تفتیش کار جعلی IDs پکڑنے میں ماہر ہیں۔* شاید یہ آپ کو حقیقی دکھائی دے، لیکن وہ جانتے ہیں کہ جعلی دستاویز کی غمازی کرنے والے نشانات (telltale) کی شناخت کیسے کی جائے۔ ہم کسی کی تفریح کا مزا کرکرا کرنے کی کوشش نہیں کر رہے۔ ہم ہر ایک کو محفوظ رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔"

ریاستی محکمہ برائے شراب کے چیئرمین Vincent Bradley نے کہا، "چونکہ کم عمر میں شراب نوشی سے غافلانہ رویے جنم لیتے ہیں جن کے خطرناک، تاحیات نتائج برآمد ہو سکتے ہیں، لہٰذا SLA کم عمر نوجوانوں کے ہاتھوں سے الکحل کو دور رکھنے کی خاطر DMV اور مقامی قانونی نفاذ کار اداروں میں موجود ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے مسلسل عزم کا اظہار کرتا ہے۔ مل جل کر کام کرتے ہوئے، ہم کاروباری اڈوں کو کم

عمر افراد کو الکحل فروخت کرنے سے نیز نیو یارک کے نوجوان باشندوں کو جعلی IDs کا استعمال کرتے ہوئے اسے خریدنے سے بھی باز رکھ سکتے ہیں۔"

نیو یارک ریاست کے پولیس سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا، "کم عمر میں شراب نوشی اور کم عمر افراد کی جانب سے جعلی IDs کا استعمال برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تحفظ ہماری اوّلین ترجیح ہے، اور نیو یارک ریاست کی پولیس کم عمر صارفین کی حوصلہ شکنی کرنے، اُن کا سراغ لگانے اور اُنہیں پکڑنے کی خاطر سرگرمِ عمل رہے گی۔ میں کم عمر افراد کی شراب نوشی اور اس کے ممکنہ اثرات کو رکوانے کے اپنے شراکت داروں کے مشترکہ عزم پر اُن کا شکر گزار ہوں۔"

دفتر برائے خدمات و معاونتِ علت کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "نوجوانوں اور بالغ نوجوان افراد کے شراب نوشی کرنے سے اُن کی ذہنی و جسمانی صحت، اور محتاط فیصلے کرنے کی صلاحیت پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ جب بات کم عمر میں الکحل نوشی کی ہو، تو والدین اور دیکھ بھال کرنے والے دیگر بڑے وہ اہم ترین افراد ہیں جن کا اثر لیا جاتا ہے۔ موسمِ گرما کی خوشیوں کو بحفاظت منانے میں اپنے اہلِ خانہ کی مدد کی خاطر مل جُل کر ایک منصوبہ تشکیل دیں۔"

21 سال سے کم عمر کے گاہک جنہیں الکحل کی خریداری کے لئے جعلی یا کسی اور فرد کی IDs استعمال کرتے پایا گیا، اُن کا چالان کیا جا سکتا اور اُن کا لائسنس کم از کم 90 دن یا ایک سال تک کے لئے بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

آپریشن روک تھام کی معاونت گورنر کی ٹریفک کی حفاظت کی کمیٹی کی جانب سے کی گئی ہے۔ کمیٹی نیو یارک میں ٹریفک کی حفاظت کی سرگرمیوں کو مربوط کرتی، اور مقامی، ریاستی، اور نان پرافٹ ایجنسیوں کو ہائی وے کے تحفظ کو بہتر بنانے اور تصادموں کے نتیجے میں اموات اور سنگین چوٹوں کی شرح کو کم کرنے کی خاطر وفاقی ہائی وے تحفظ کے عطیاتی فنڈز بھی فراہم کرتی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418